عبداللہ بن عبدالرحمن آل الشیخ نے اخبار نویسوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ "الحائر" کے جیل خانہ سے ابھی حال ہی میں ایک قیدی رہا کیا گیا ہے جس نے جیل میں پورا قرآن شریف حفظ کیا ہے۔ چنانچہ بطور انعام اس کی سزا نصف کردی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ جب سے خادم الحرمین الشریفین فہد بن عبدالعزیز کا اعلان آیا ہے کہ حفظ قرآن کے نتیجے میں نصف سزا معاف کردی جائے گی۔ اس وقت سے قیدیوں کے اندر حفظ قرآن کا ذوق و شوق بڑھ گیا ہے۔ اس وقت متعدد جیل خانوں کے اندر قیدیوں کی ایک تعداد حفظ قرآن میں مشغول نظر آتی ہے۔ دوسری طرف جیل کے ذمہ دار ایسے قیدیوں کے ساتھ عام طور سے رعایت کا معاملہ کرتے ہیں اور جن لوگوں کا حفظ مکمل ہو جاتا ہے بغیر کسی پس و پیش کے ان کو رہا کر دیتے ہیں (ابوالقاسم حقانی)

"ضرب مومن" اور الحق کی ادارتی تحریر

مجھے اپنے لئے آپ کی محبت کا ہمیشہ احساس رہا ہے جس کے لئے میں بہت ممنون ہوں۔ جہاد افغانستان کے ضمن میں میری معمولی سی خدمت کے عوض آپ جیسے خدا پرستوں کے لئے میرے لئے انس اور محبت اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت اور مہربانی ہے ضرب مومن پر الحق کا اداریہ نہایت جامع اور دوررس مقاصد کی نشاندہی کرتا ہے۔ میری اپنی نگاہ میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ کا وقت آگیا ہے اور خداوند عز و جل نے اسلام کے قافلے کی قیادت کا فرض پاکستان کی جھولی میں ڈال دیا ہے لیکن شومئ قسمت کہ ہم خود گم گشتہ منزل ہیں۔ اور اپنے فروعی مسائل سے چھٹکارہ نہیں پا رہے۔ تاہم خداوند تعالیٰ کے اپنے انداز ہیں۔ یقین کامل ہے کہ تاریخ کا رخ متعین ہو چکا ہے۔ جیسے ریت کی دیواروں سے نہیں روکا جا سکتا۔ شاخ نازک پر بنے ہوئے آشیاں لمحہ بہ لمحہ مسمار ہوتے جا رہے ہیں۔ اور وہ دن دور نہیں جب انشاء اللہ اسلام کا حقیقی پیغام دنیا کے قلب و نظر میں پیوست ہو جائے گا۔ انسانیت کی فلاح و بہبود اسی راستے میں ہے اور یہ قدرت کا اٹل فیصلہ ہے۔

والسلام۔ لفٹیننٹ جنرل حمید گل

اہل سنت کب بیدار ہوں گے

پاکستان میں حکومت نے اسلامی نظریاتی کونسل میں شیعہ ممبران کی تعداد چوگنی کر کے نہ صرف دستور پاکستان کی خلاف ورزی کی ہے بلکہ نفاذ شریعت کے معاملہ کو ہمیشہ کے لئے کھٹائی میں ڈال دیا ہے۔ اس طرح اعلیٰ عہدوں پر ترقی دینے کا جو نیا وفاقی بورڈ تشکیل دیا گیا ہے اس میں چار میں سے تین وفاقی سکریٹری شیعہ ہیں۔ اور اس کی چیئرپرسن بھی شیعہ ہیں گویا ایران کے ایما پر پاکستان کو ایک شیعہ سٹیٹ بنانے کی تیاریاں مکمل ہو رہی ہیں۔ اہل سنت کب بیدار ہوں گے۔

(اکرام الحق ملنسار۔ انجمن سپاہ صحابہ)